Roll No. | | | | | | |

Answer Sheet No.________

Sig. of Candidate ________

Sig. of Invigilator.________

2010

# اُردو(لازمی) ۔ ایچ ایس ایس سی-I

وقت: 25 منٹ

## حصہ اوّل (کُل نمبر:20)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں۔لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر1: دیے گئے الفاظ یعنی الف/ ب/ج/ د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) شاملِ نصاب افسانہ ''زیور کا ڈبّا'' کس کی تخلیق ہے؟

الف۔ احمد ندیم قاسمی ب۔ ہاجرہ مسرور ج۔ پریم چند د۔ شوکت تھانوی

(ii) شاملِ نصاب مضمون ''مرحوم کی یاد میں'' کس کے متعلق ہے؟

الف۔ مرحوم دوست کے متعلق ب۔ پُرانے سائیکل کے متعلق ج۔ نامعلوم آدمی کے متعلق د۔ پُرانے سکول کے متعلق

(iii) خوش دامن سے کیا مُراد لی جاتی ہے؟

الف۔ چادر ب۔ دوپٹا ج۔ ساس د۔ ہم زلف

(iv) عالمی بینک کی رپورٹ کے مطابق 1999ء میں دُنیا کے کس علاقے میں 175 ارب سگریٹ پھونکے گئے؟

الف۔ جنوبی کوریا ب۔ جنوبی ایشیا ج۔ جنوبی افریقہ د۔ جنوبی امریکہ

(v) تاریخ ادبِ اُردو میں منٹو کس صنفِ نثر کی وجہ سے بہت اہم ادیب خیال کیے جاتے ہیں؟

الف۔ انشائیہ ب۔ داستان ج۔ افسانہ د۔ ناولٹ

(vi) میر انیس کے مرثیے کس عظیم سانحے سے متعلق ہوتے ہیں؟

الف۔ سانحۂ بغداد ب۔ سانحۂ کربلا ج۔ سانحۂ اندلس د۔ سانحۂ موتہ

(vii) شاملِ نصاب نظم ''بڑھے چلو'' کا خالق کون ہے؟

الف۔ علّامہ اقبال ب۔ اختر شیرانی ج۔ حفیظ جالندھری د۔ ظفر علی خاں

(viii) 'خاصا' اور 'نین سکھ' کیا ہیں؟

الف۔ جانوروں کے نام ب۔ شہروں کے نام ج۔ کپڑوں کے نام د۔ عمارتوں کے نام

(ix) قمری اور طاؤس کیا ہیں؟

الف۔ دو شہروں کے نام ب۔ دو نہروں کے نام ج۔ دو پرندوں کے نام د۔ دو درندوں کے نام

2010

(x) مشجر کسے کہتے ہیں؟

الف۔ شجر کاری کی رُت ب۔ شجرۂ نسب ج۔ پُرانا درخت د۔ وہ کپڑا جس پر بیل بوٹے بنے ہوں

(xi) فیض احمد فیض کس اَدبی تحریک کے نمایندہ شاعر ہیں؟

الف۔ ترقی پسند تحریک ب۔ علی گڑھ تحریک ج۔ انجمنِ پنجاب کی تحریک د۔ حلقہ اربابِ ذوق کی تحریک

(xii) میر تقی میرؔ کی غزل میں لفظ ''نگری'' کس مفہوم میں استعمال ہوا ہے؟

الف۔ ساون ب۔ مسافر ج۔ منزل د۔ سرائے

(xiii) معروف شعری ترکیب ''اختر شماری'' کا کیا مطلب ہے؟

الف۔ مردم شماری ب۔ ووٹوں کی گنتی ج۔ ناپ تول د۔ تارے گننا

(xiv) خواجہ حیدر علی آتشؔ اُردو شاعری کے کس دبستان کے بہت اہم شاعر تسلیم کیے جاتے ہیں؟

الف۔ دبستانِ دہلی ب۔ دبستانِ لکھنؤ ج۔ دبستانِ دکن د۔ دبستانِ پنجاب

(xv) میر مہدی مجروحؔ کس معروف شاعر کے شاگرد اور دوست تھے؟

الف۔ مرزا غالبؔ ب۔ مرزا رفیع سوداؔ ج۔ خواجہ میر دردؔ د۔ میر تقی میرؔ

(xvi) اردو میں غیر حقیقی تذکیر و تانیث کے اُصول کی رُو سے دیے گئے چار لفظوں میں سے کون سا لفظ مذکر ہے؟

الف۔ مملکت ب۔ بستی ج۔ شہر د۔ ریاست

(xvii) غزل کا آخری شعر کس صورت میں مقطع کہلائے گا؟

الف۔ اگر اُس میں محاورہ ہو ب۔ اگر اُس میں روزمرہ ہو ج۔ اگر اُس میں تخلص ہو د۔ اگر اُس میں تشبیہ ہو

(viii) علم بیان کی رُو سے ''آتشِ نمرود'' کیا ہے؟

الف۔ استعارہ ب۔ تشبیہ ج۔ تلمیح د۔ کنایہ

(xix) غیر مردّف غزل کسے کہتے ہیں؟

الف۔ ایسی غزل جس میں محاورے نہ ہوں ب۔ ایسی غزل جس میں استعارے نہ ہوں

ج۔ ایسی غزل جس میں ضرب الامثال نہ ہوں د۔ ایسی غزل جس میں ردیف نہ ہو

(xx) ''ٹیپو سلطان ایک شیر تھا۔'' علم بیان کی رُو سے اُسلوبِ بیاں کی اس مثال کو کیا کہا جائے گا؟

الف۔ محاورہ ب۔ تشبیہ ج۔ استعارہ د۔ موازنہ

برائے ممتحن: کُل نمبر: 20 حاصل کردہ نمبر: ☐

2010

# اُردو (لازمی) ۔ ایچ ایس سی-I

وقت: 2:35 گھنٹے — کُل نمبر حصہ دوم اور سوم : 80

نوٹ: حصہ ''دوم'' اور ''سوم'' 2-1 صفحات پر مشتمل ہے۔ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ایکسٹرا شیٹ (Sheet-B) طلب کرنے پر مہیا کی جائے گی۔آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

## حصہ دوم (کُل نمبر 48)

سوال نمبر ۲: درج ذیل سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات لکھیں: (۴۸=۴x۱۲)

(i) شاملِ نصاب افسانہ '' منظور '' کے حوالے سے اختر کا تعارف کرائیں۔

(ii) شاملِ نصاب مضمون ''شاہین بچے ''میں مرزا صاحب کا کردار کس طرح ایک عقل مند اور محبِ وطن آدمی کی ترجمانی کرتا ہے؟

(iii) عملِ تکلیس کی وضاحت کیجیے۔ **(یا)** جابر بن حیان کی کتب میں کن مفید اور کارآمد اشیاء کے بنانے کا ذکر ملتا ہے؟

(iv) اقبال نے صحرا نشینوں کو جہاں گیر ، جہاں دار ، جہاں بان ، جہاں آرا کیوں کہا ہے؟

(v) سید محمد جعفری کی نظم میں تجریدی آرٹ کے بارے میں کن خیالات کا اظہار کیا گیا ہے؟ **(یا)**
مرزا محمود سرحدی کے شاملِ نصاب قطعات میں کن انسانی کم زوریوں کا ذکر ملتا ہے؟

(vi) شکوہِ ترکمانی ، ذہنِ ہندی اور نطقِ اعرابی کی وضاحت کیجیے۔

(vii) ''وہ تھا جلوہ آرا مگر تم نے موسیٰ ۔ نہ دیکھا ، نہ دیکھا ، نہ دیکھا ، نہ دیکھا
مندرجہ بالا شعر میں کس واقعے کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟ آپ کے خیال میں ''نہ دیکھا '' کی تکرار سے کیا تاثر پیدا کیا گیا ہے؟

(viii) اگر ایک متکلم غم ، غصے ، رنج ، اندوہ اور حرماں کو اپنا ''مہرباں '' کہتا ہے تو اس کی کیا نفسیاتی توجیہ ہوسکتی ہے؟

**(یا)**

نظم 'بنجارانامہ' میں شاعر نے کس حقیقت کی طرف اشارہ کیا ہے؟

(ix) تم مرے پاس ہوتے ہو گویا ۔ جب کوئی دوسرا نہیں ہوتا
مومن کا یہ شعر اُردو کے بہترین شعروں میں شمار کیا جاتا ہے۔آپ کے خیال میں اس کی کیا وجہ ہوسکتی ہے؟

(x) استعارے اور تشبیہ کا فرق واضح کیجیے۔ **(یا)** مطلع کسے کہتے ہیں؟ایک مثال بھی تحریر کیجیے۔

(xi) مندرجہ ذیل الفاظ کو جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے:
روگ ، افراتفری ، برق ، حیا

(xii) درج ذیل عبارت کی **تلخیص** کیجیے اور مناسب **عنوان** بھی تجویز کیجیے:

'' اُردو شاعری کی روایت لگ بھگ چھ سو برس کو محیط ہے۔ اس میں جہاں ایک طرف میر تقی میر ، مرزا رفیع سودا ، نظیر اکبرآبادی اور اسداللہ غالب ایسے بے مثال شعرا ملتے ہیں ، وہیں دوسری طرف میر ببر علی انیس ، میر حسن ، پنڈت دیا شنکر نسیم اور علامہ محمد اقبال جیسے بے نظیر سخن ور بھی موجود ہیں۔اِن سے آگے بڑھیے تو فراق گورکھ پوری ، یاس یگانہ چنگیزی ، میراجی، فیض احمد فیض، ن۔م۔راشد، مجید امجد اور اختر الایمان جیسی فکر انگیز، جدید اور توانا آوازیں ملتی ہیں۔پھر ناصر کاظمی، احمد مشتاق، جون ایلیا ، ظفر اقبال ، منیر نیازی، محمد سلیم الرحمان اور خورشید رضوی کی ہنرمندی کی بھی ایک الگ شان اور اُسلوب ہے۔ واہ واہ! اُردو کیسی جیتی جاگتی، پھلتی پھولتی ، وقت کے ساتھ ساتھ آگے بڑھنے والی ، ترقی کرنے والی ، لچک دار ، بے تعصب اور مزے کی زبان ہے۔

2010

## حصہ سوم (کُل نمبر 32)

سوال نمبر ۳: سبق اور **مصنف** کا حوالہ دیتے ہوئے کسی **ایک** جزو کی تشریح کیجیے: (٦=٤+١+١)

الف- ''اب سات بج چکے تھے اور وہ مال کی پٹڑی پر پھر پہلے کی طرح مٹرگشت کرتا ہوا چلا جا رہا تھا۔ ایک ریستوران میں آرکسٹرا بج رہا تھا۔ اندر سے کہیں زیادہ باہر لوگوں کا ہجوم تھا۔ اُن میں زیادہ تر موٹروں کے ڈرائیور ، کوچوان ، پھل بیچنے والے ، جو اپنا مال بیچ کے خالی ٹوکرے لیے کھڑے تھے۔ کچھ راہ گیر جو چلتے چلتے ٹھہر گئے تھے، کچھ مزدوری پیشہ لوگ تھے اور کچھ گداگر۔ یہ اندر والوں سے کہیں زیادہ گانے کے رسیا معلوم ہوتے تھے کیوں کہ وہ غل غپاڑا نہیں مچا رہے تھے، بلکہ خاموشی سے نغمہ سُن رہے تھے حالانکہ دھن اور ساز اجنبی تھے۔ نوجوان پل بھر کے لیے رُکا اور پھر آگے بڑھ گیا۔

ب- ''ابھی چند ہفتے پہلے ہی انہوں نے گھر کے خرچ میں سے پیسہ پیسہ بچا کر یہ اچھے خاصے مہنگے پردے سلوائے تھے۔ اب بچت کوئی سینکڑوں تو تھی نہیں۔ یہی انڈوں میں ، گوشت میں ، دودھ میں ڈنڈی مارلیتیں۔ ڈاکٹر نے انہیں انڈا مکھن روز کھانے کی ہدایت کی تھی - مگر وہ یہ چیزیں کھاتی رہتیں اور پردے نہ بنتے تو وہ اور بیمار نہ ہو جاتیں۔ ڈاکٹر نے یہ بھی تو کہا تھا کہ خوش رہا کرو۔ گھر بنا تو خوشی ہوئی اب نئے گھر میں سب پُرانی چیزیں تو اچھی نہیں لگتیں۔ اس لیے ایک پردہ ہی کیا یہ میز ، یہ کرسیاں ، یہ صوفہ بھی تو اُنہوں نے ہی خریدا تھا۔''

سوال نمبر ۴: کسی **ایک** جزو کی **بحوالہ شاعر** تشریح کیجیے اور **نظم کا عنوان** بھی لکھیں: (٧=٥+١+١)

الف- خالق بھی کارساز بھی، پروردگار بھی
وہ جس کی ذات پردہ کشا، پردہ دار بھی
ذکرِ خدائے پاک جو ہے جلّ شانہٗ
تسکینِ روح بھی ہے، دلوں کا قرار بھی
سب ہیں اسی کے حکم سے دن ہو کہ رات ہو
شامِ خزاں اسی کی ہے، صبحِ بہار بھی

ب- ماہ و انجم نے سرِراہ بچھا دیں آنکھیں
کیونکہ ہے ناقہء اسریٰ کا سفر آج کی رات
کہکشاں جلوہ فشاں ہے کہ اسی رستہ سے
ہونے والا ہے محمد ﷺ کا گزر آج کی رات
چاند کیا چیز ہے؟ سورج کی حقیقت کیا ہے؟
پرتوِ نور سے روشن ہے نظر آج کی رات

سوال نمبر ۵: صرف **تین** اشعار کی تشریح کیجیے اور ہر **شعر کے خالق کا نام** بھی لکھیں: (٩=٣+٣+٣)

الف- لے سانس بھی آہستہ کہ نازک ہے بہت کام
آفاق کی اس کارگہِ شیشہ گری کا

ب- ہے انتہائے یاس بھی اک انتہائے شوق
پھر آ گئے وہیں پہ چلے تھے جہاں سے ہم

ج- تم ہمارے کسی طرح نہ ہوئے
ورنہ دُنیا میں کیا نہیں ہوتا

د- ان کا آنا حشر سے کچھ کم نہ تھا
اور جب پلٹے قیامت ڈھا گئے

ر- سن تو سہی جہاں میں ہے تیرا فسانہ کیا
کہتی ہے تجھ کو خلقِ خدا غائبانہ کیا

سوال نمبر ٦: کالج میں ہونے والی تقریبِ تقسیمِ اَسناد کی رُوداد لکھیں۔ (٥)

سوال نمبر ٧: محلّے میں صفائی کے انتظام کے لیے ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھیے۔ (٥)